۱۴۴۵-۴۶ھ

2024

رحمانی جنتری

دارالاشاعت

خانقاہ رحمانی مونگیر (بہار)

مسجد خانقاہ رحمانی

بیادگار

قطب عالم حضرت مولانا محمد علی مونگیریؒ

جامعہ رحمانی کی پانچ منزلہ خوبصورت تعلیم گاہ

بیادگار

حضرت امیر شریعت مولانا منت اللہ رحمانیؒ

عظیم روحانی قدروں کی جگہ خانقاہ رحمانی

(سابق صدر جمہوریہ ہند)

عظیم سائنس داں ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام (سابق صدر جمہوریہ ہند) نے سرونٹس آف پیپل سوسائٹی Servents of people society نئی دہلی کے زیر اہتمام ۲؍اگست ۲۰۰۴ کو کرشن کانت میموریل لکچر میں دیتے ہوئے بہار کو روحانی قدروں کی سرزمین قرار دیا، انہوں نے کہا کہ ''جب میں (۳۱؍مئی ۲۰۰۳ء) کو بہار گیا تو اس سرزمین سے مربوط روحانی پہچان دیکھ کر حیران رہ گیا۔ ان مقامات پر عظیم قدروں کا احساس ہوا'' محترم سابق صدر جمہوریہ نے اس سلسلہ میں حضرت مولانا محمد علی مونگیریؒ کی خانقاہ، خانقاہ رحمانی کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کیا، ملک کی بہت معروف اور خدمت گذار خانقاہ نے انہیں متاثر کیا جس کا اظہار انہوں نے نئی دہلی میں ایک لکچر میں کیا۔

مدارس اسلامیہ اور ہماری ذمہ داریاں

مرتب: حافظ محمد امتیاز رحمانی

مدارس اسلامیہ دین کے قلعے ہیں، اس کی اہمیت افادیت اور ضرورت ہر زمانہ میں رہی ہے، اس کی خدمات کا سلسلہ پوری دنیا میں جاری ہے، اس ملک کی تعمیر تعلیم، تہذیب اور ترقی میں اہم کردار ہے، ملک کی آزادی میں مدارس اسلامیہ کا کلیدی اور بنیادی حصہ رہا ہے، اور ملک کے آئین میں دیئے گئے حقوق کے مطابق خدمت انجام دے رہا ہے مگر وقفہ وقفہ سے مدارس پر حکومت اور ملک مخالف تنظیموں کی طرف سے پریشان کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس موضوع پر مفکر اسلام حضرت مولانا محمد ولی رحمانی صاحب رحمانی کے خطابات اور مضامین پر مشتمل یہ کتاب راہ نما کا درجہ رکھتی ہے۔ صفحات: ۸۰- قیمت: ۵۰ روپے

خانقاہ رحمانی مونگیر بہار

جو ایک صدی سے بھی زیادہ عرصہ سے اصلاح نفس اور تزکیۂ باطن کا عظیم مرکز اور علم و ہدایت اور بزرگوں کی روایت کا امین ہے

جرأت، عزیمت اور تاریخ ساز کارناموں کا مرکز

- **جس** نے ملک وملت کے لئے قادیانی، عیسائی، آریہ سماجی اور سامراجی سازشوں اور مختلف قسم کے باطل فتنوں اور تحریکوں کا خاتمہ کیا۔
- **جس** نے ناموس مدارس اسلامیہ کنونشن منعقد کر کے تحفظ مدارس اسلامیہ کی راہیں ہموار کیں اور سابق صدر جمہوریہ اے پی جے عبدالکلام کے خانقاہ رحمانی میں اس بیان کے بعد کہ ''میں نے بھی مدرسہ میں تعلیم حاصل کی ہے'' مدارس کی حفاظت کو مستحکم کیا۔
- **جس** نے آزادی وطن میں سرفروشانہ حصہ لیا اور تاریخ ساز رول ادا کیا۔
- **جس** نے جنگ آزادی کے موضوع پر قومی سمینار منعقد کر کے آزادی ہند کے متوالوں کے بے مثل کارناموں پر پڑے پردہ کو ہٹانے کی کامیاب کوشش کی۔
- **جس** نے قوم و وطن کی ہر موڑ پر رہنمائی کی اور عظیم راہبر دیئے۔
- **جس** نے دین وشریعت کے تحفظ اور اس کی نشر و اشاعت کو اپنا شعار بنایا اور مسلم پرسنل لا بورڈ جیسا پلیٹ فارم کا تحفہ مسلمانان ہند کو دیا۔
- **جس** نے انتہائی نازک ماحول میں نسبندی کے خلاف تحریک کا مرکزی رول ادا کیا اور جس کی خاموش تحریک پر سپریم کورٹ کے جج نے داڑھی اور برقعہ پر غلط تبصرہ کے لیے تحریری معافی مانگی۔
- **جس** نے مختلف جہتوں سے انسانی خدمت کو اپنا نصب العین بنایا۔
- **جس** نے بنگلہ دیشی گھس پیٹھیوں کے نام پر مسلمانوں کو بہار اور بنگال سے بنگلہ دیش بھگانے کی سازش کا حسن تدبیر اور رائے عامہ کے باحوصلہ اظہار کے ذریعہ مقابلہ کیا۔
- **جس** نے گھر گھر اصلاح معاشرہ کے پیغام کو پہونچانے کا بیڑا اٹھایا اور اصلاح معاشرہ تحریک کو مضبوط و مستحکم کر کے مسلم پرسنل لا پر عمل کا مزاج بنایا اور آئینی حقوق بچاؤ تحریک کی قیادت کر کے مسلم اداروں کی حفاظت کے لیے قانون میں ترمیم کرائی۔

مجلس درود شریف

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے، کہ اللہ تعالیٰ اور فرشتے شہنشاہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم پر (اپنے طریقے سے) درود شریف پڑھتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بھی درود شریف پڑھنے کا حکم دیا ہے، اس لیے بزرگان دین درود شریف کے ورد کا اہتمام کرتے ہیں، اور کثرت سے درود شریف پڑھتے اور پڑھواتے ہیں، درود شریف کے ورد کا ہر مسلمان کو پابند ہونا چاہئے، علماء نے ساری عمر میں ایک بار درود شریف پڑھنا فرض قرار دیا ہے، اور ایک سے زیادہ مرتبہ مسنون اور کثرت سے پڑھنا ثواب کا کام بتایا ہے، بزرگوں کا تجربہ ہے کہ اس کے پڑھنے سے بہت سارے فائدے ہوتے ہیں، دعائیں قبول ہوتی ہیں، اللہ نے اس میں اور کمالات کے ساتھ مشکل کا بھی حل رکھا ہے، اسی لیے خانقاہ رحمانی مونگیر میں بحمد اللہ کثرت سے درود شریف پڑھنے اور پڑھانے کا اہتمام ہے، اللہ کے بندے تنہائیوں میں بھی ذکر میں مشغول رہتے ہیں، اور مجلس میں جمع ہو کر بھی لاکھوں کی تعداد میں درود شریف پڑھتے ہیں، یہ مجلس ۱۹۹۱ء سے خانقاہ رحمانی میں ہو رہی ہے، جسے شیخ طریقت مفکر اسلام امیر شریعت حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانی رحمۃ اللہ علیہ نے شروع کیا تھا، پہلے یہ مجلس ہر مہینہ کے دوسرے سنیچر کو منعقد ہوتی تھی، کئی سالوں سے ہر انگریزی مہینے کے آخری سنیچر کو بعد نماز مغرب منعقد ہوتی ہے، جس میں اللہ کے بندے لاکھوں کی تعداد میں درود شریف پڑھتے ہیں، انفرادی اور اجتماعی ضرورتوں، مخلصین ومتوسلین، حاجت مندوں اور ملک وملت کے لیے دعائیں کی جاتی ہیں، اور اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ ان دعاؤں کا فائدہ بھی ظاہر ہوتا ہے، تعلیم اور درود شریف کی مجلس کا انعقاد خانقاہ رحمانی کے تحت اور بھی بہت سی جگہوں پر ہوتا ہے، یہ سلسلہ پورے ملک میں پھیلا ہوا ہے۔ خانقاہ رحمانی کے مخلصین کی ذمہ داری ہے کہ اس بابرکت مجلس میں شرکت کریں، اور درود ودعاء کا اہتمام کریں، اللہ تعالیٰ ہم سبھوں کو زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کا پابند بنائے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خوب محبت کرنے والا بنائے (آمین)

حضرت صاحب سے ملاقات کی تفصیل رحمانی جنتری صفحہ ۱۰ پر دیکھ لیں۔

سلسلہ کی دونوں درود شریف

درود شریف (۱)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

درود شریف (۲)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ وَعَلَی
الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَی الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

सिलसिला की दोनों दरूद शरीपफ

1. अल्लाहुम्मा सल्ले अला सैय्यिदिना मुहम्मदियुँ व इतरतिहि बिअददि कुल्लि मालूमिल लक।

2. अल्लाहुम्मा सल्ले अला सैय्यिदिना मुहम्मदिन अबदिक व रसूलिक व अलल मुमिनीन वल मुमिनात व अलल मुस्लिमीन वल मुस्लिमात।

نوٹ: خانقاہ رحمانی مونگیر میں لاسٹ سٹرڈے (انگریزی مہینہ کے آخری سنیچر) کے موقع پر ان دونوں درود شریف کا وِرد ہوتا ہے، آپ بھی یاد کرلیں اور پڑھا کریں

خانقاہ رحمانی مونگیر میں حضرت صاحب سے ملاقات کا طریقہ

خانقاہ رحمانی مونگیر میں شیخ طریقت امیر شریعت حضرت مولانا محمد ولی رحمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے انکی زندگی میں مختلف اغراض سے ملاقات کیلئے لوگ آیا کرتے تھے، حضرت صاحبؒ کے انتقال کے بعد آپکے بڑے صاحب زادہ پیر طریقت حضرت مولانا سید احمد ولی فیصل رحمانی صاحب مدظلہ خانقاہ رحمانی مونگیر کے سجادہ نشیں ہیں، اب ان سے ملاقات کے لیے مختلف اغراض ومقاصد کے تحت لوگ آتے رہتے ہیں، آنے والے حضرات پہلے 8292762776 پر واٹس ایپ سے میسج کرتے تھے اور جب خانقاہ سے انہیں آنے کا وقت دیا جاتا تھا وہ تشریف لاتے تھے، اس طریقہ سے لوگوں کو بہت آسانی ہوئی مگر واٹس ایپ بھیجنے والوں کی تعداد ہزاروں میں چلی گئی اور ملاقات کا وقت آنے میں کئی کئی مہینے لگنے لگے، اسی وجہ سے یہ طے کیا گیا ہے کہ ماہ جون ۲۰۲۳ء سے پہلے والے طریقہ کار کو دوبارہ رائج کر دیا جائے۔

☆ مونگیر شہر سے باہر کے آنے والے حضرات ہر انگریزی مہینہ کی ۲۰؍ تاریخ کو موبائل نمبر 9429690784 پر فون کر کے نام لکھالیں اور جس دن آنے کے لیے کہا جائے اسی دن آئیں، موبائل پر صبح ۹؍ بجے سے بارہ بجے دن تک بات ہوسکتی ہے۔ خیال رہے کہ آنیوالوں کو ایک دن رکنے کی ضرورت پڑسکتی ہے، اس لیے رکنے کا مزاج بنا کر آئیں اور ساتھ کے لوگوں کو بھی ضرور بتادیں، ساتھ ہی درود شریف، استغفار اور آیۃ الکرسی یاد کر کے آئیں۔

☆ مونگیر شہر کے حضرات انگریزی مہینہ کی ۲۱؍ تاریخ کو صبح ۹؍ بجے سے بارہ بجے دن تک موبائل نمبر 9429690784 پر فون کر کے نام لکھالیں پھر آئیں انہیں وقت لینے کیلئے خانقاہ آنے کی ضرورت نہیں ہے اور جس تاریخ میں آنے کو کہا جائے اسی تاریخ میں آئیں۔

☆ تصدیق نامہ اور پروگرام کی غرض سے جو حضرات علماء کرام اور مدارس کے ذمہ داران آنا چاہتے ہیں، وہ ۲۲؍ تاریخ کو فون نمبر 06344222207 پر فون کر کے آنے کی تاریخ معلوم کرلیں پھر آئیں۔

☆ جو حضرات بیعت کے لئے آنا چاہتے ہیں وہ مجلس درود شریف کے دن مغرب کی نماز سے قبل خانقاہ رحمانی آجائیں۔

☆ رمضان المبارک جنوری اور دسمبر کے مہینہ کو چھوڑ کر تعلیم اور درود شریف کی مجلس ہر ماہ کے آخری سنیچر کو پابندی کے ساتھ ہوا کرتی ہے، اس میں شرکت کی غرض سے آنے والے حضرات خانقاہ رحمانی مونگیر آسکتے ہیں، تعلیم اور درود شریف کی بابرکت مجلس میں شریک ہوکر اپنے دامن میں خیر اور نفع کو جمع کرنے کے بہترین موقعہ سے خود کو فیضیاب کرسکتے ہیں۔

رمضان المبارک کے اخیر عشرہ میں امیر شریعت حضرت مولانا احمد ولی فیصل صاحب رحمانی مدظلہ خانقاہ رحمانی مونگیر کی مسجد میں بڑی جماعت کے ساتھ اعتکاف میں رہتے ہیں مگر ان دنوں رمضان المبارک کی مشغولیت رہتی ہے، ذکر، ورد، تلاوت اور عبادت میں سب لوگ مشغول رہتے ہیں، اس لیے رمضان المبارک کے اخیر عشرہ میں وہی حضرات آئیں، جو اپنا وقت ذکر، تسبیح اور تلاوت میں لگانا چاہتے ہیں، اس کے علاوہ کسی اور مقصد سے رمضان میں خانقاہ رحمانی نہیں آنا چاہیے۔

اوقات نماز

تاریخ والے صفحات پر پانچوں نمازوں کے اوقات بھی دیئے گئے ہیں، یہ اوقات مونگیر کے ہیں۔ دوسرے مقامات کے اوقات معلوم کرنے کے لیے مونگیر کے وقت سے چند منٹ بڑھانا یا گھٹانا ہوگا۔ جن مقامات کا وقت معلوم کرنا ہو، ان کے سامنے لکھے وقت (منٹ) کو گھٹا یا بڑھا کر وہاں کا وقت معلوم کیا جاسکتا ہے۔

مونگیر کے وقت سے بڑھائیں	وقت	مونگیر کے وقت سے کم کریں	وقت
پٹنہ، بہار شریف، رانچی، لوہردگا، پترآتو،	۴/منٹ	سہرسہ، مدھے پورہ، سپول	۱/ منٹ
ہزاری باغ، گریڈیہہ، چترا، جمشید پور	//	کٹیہار، دمکا، پورنیہ، ارریہ	۴ //
چائباسہ، سمستی پور، دربھنگہ، مدھوبنی	//	راج محل، صاحب گنج، دیوگھر، آسنسول، دارجلنگ	۵//
مظفر پور، حاجی پور	۵ //	سلی گوڑی	۶//
بیگوسرائے، لکھی سرائے، جموئی، کٹک	۲//	کشن گنج، مالدہ، جلپائی گوڑی	۸ //
شیخ پورہ، باڑھ، نوادہ	۳//	دیناج پور، رائے گنج	۸//
چھپرہ، سیوان، گوپال گنج، گیا، اورنگ آباد، ڈالٹین گنج، پلاموں، بتیا، موتیہاری، آرہ	۷ //	بھاگل پور، گڈا، بردوان کھگڑیا	۲// ۲۴ سکنڈ
نورپور، مکامہ، برونی	۱½	کولکاتہ	۹/منٹ
سہسرام	۹ //	گوہاٹی، شیلانگ	۱۹ //
بکسر	۱۰//	تین سکیا، ڈبروگڈھ	۱۳//
جہان آباد	۶ //	بوکارو	۲//
بھبھوا	۱۲ //	دھنباد کے اوقات مونگیر کے مطابق ہیں	

دیگر مقامات ہند میں بڑھائیں

دہلی ۳۷/ منٹ، لکھنؤ ۲۲/ منٹ، ناگپور ۱۵/ منٹ، کانپور ۲۵/ منٹ، غازی پور ۱۱/ منٹ، ممبئی ۵۵/ منٹ، بھوپال ۳۷/ منٹ حیدرآباد ۱۶/ منٹ، رام پور ۲۹/ منٹ، احمدآباد ۱/ گھنٹہ، الہ آباد ۱۹/ منٹ، بنارس ۱۴/منٹ، بلیا ۹/منٹ، اعظم گڈھ، مغل سرائے ۱۳/منٹ مئوناتھ بھنجن ۱۲/منٹ، دیوبند، میرٹھ، مظفرنگر، سہارنپور، متھرا ۳۵/منٹ، فیض آباد، فتح گڈھ، پیلی بھیت ۱۷/منٹ، جےپور ۴۳/منٹ، آگرہ ۳۷/منٹ

ایام	جنوری ۲۰۲۴ء	جمادی الآخری ۱۴۴۵ھ	پوس ۱۴۳۱ فصلی	پوس ۲۰۸۰ بکرمی	طلوع صبح صادق		طلوع آفتاب		غروب آفتاب		ابتدائے وقت ظہر		ابتدائے وقت عصر		ابتدائے وقت عشاء	
سوموار	۱	۱۸	۶	۱۶	۸	۵	۳۰	۶	۵	۵	۴۷	۱۱	۲۹	۳	۲۷	۶
منگل	۲	۱۹	۷	۱۷	۸	۵	۳۰	۶	۶	۵	۴۸	۱۱	۳۰	۳	۲۸	۶
بدھ	۳	۲۰	۸	۱۸	۹	۵	۳۰	۶	۶	۵	۴۸	۱۱	۳۰	۳	۲۸	۶
جمعرات	۴	۲۱	۹	۱۹	۹	۵	۳۱	۶	۷	۵	۴۹	۱۱	۳۱	۳	۲۹	۶
جمعہ	۵	۲۲	۱۰	۲۰	۹	۵	۳۱	۶	۸	۵	۴۹	۱۱	۳۲	۳	۲۹	۶
سنیچر	۶	۲۳	۱۱	۲۱	۹	۵	۳۱	۶	۹	۵	۵۰	۱۱	۳۳	۳	۳۰	۶
اتوار	۷	۲۴	۱۲	۲۲	۱۰	۵	۳۱	۶	۹	۵	۵۰	۱۱	۳۳	۳	۳۱	۶
سوموار	۸	۲۵	۱۳	۲۳	۱۰	۵	۳۱	۶	۱۰	۵	۵۱	۱۱	۳۴	۳	۳۱	۶
منگل	۹	۲۶	۱۴	۲۴	۱۰	۵	۳۱	۶	۱۱	۵	۵۱	۱۱	۳۴	۳	۳۲	۶
بدھ	۱۰	۲۷	۱۵	۲۵	۱۰	۵	۳۱	۶	۱۱	۵	۵۱	۱۱	۳۶	۳	۳۳	۶
جمعرات	۱۱	۲۸	۱۶	۲۶	۱۰	۵	۳۱	۶	۱۲	۵	۵۲	۱۱	۳۶	۳	۳۳	۶
جمعہ	۱۲	۲۹	۱۷	۲۷	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۳	۵	۵۲	۱۱	۳۷	۳	۳۴	۶
سنیچر	۱۳	۱ رجب المرجب	۱۸	۲۸	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۴	۵	۵۳	۱۱	۳۸	۳	۳۵	۶
اتوار	۱۴	۲	۱۹	۲۹	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۴	۵	۵۳	۱۱	۳۹	۳	۳۵	۶
سوموار	۱۵	۳	۲۰	۳۰	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۵	۵	۵۳	۱۱	۳۹	۳	۳۶	۶
منگل	۱۶	۴	۲۱	ماگھ	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۶	۵	۵۴	۱۱	۴۰	۳	۳۷	۶
بدھ	۱۷	۵	۲۲	۲	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۷	۵	۵۴	۱۱	۴۰	۳	۳۷	۶
جمعرات	۱۸	۶	۲۳	۳	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۷	۵	۵۴	۱۱	۴۱	۳	۳۸	۶
جمعہ	۱۹	۷	۲۴	۴	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۸	۵	۵۵	۱۱	۴۲	۳	۳۹	۶
سنیچر	۲۰	۸	۲۵	۵	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۹	۵	۵۵	۱۱	۴۳	۳	۳۹	۶
اتوار	۲۱	۹	۲۶	۶	۱۱	۵	۳۱	۶	۲۰	۵	۵۵	۱۱	۴۳	۳	۴۰	۶
سوموار	۲۲	۱۰	۲۷	۷	۱۱	۵	۳۱	۶	۲۱	۵	۵۶	۱۱	۴۴	۳	۴۰	۶
منگل	۲۳	۱۱	۲۸	۸	۱۱	۵	۳۰	۶	۲۱	۵	۵۶	۱۱	۴۵	۳	۴۱	۶
بدھ	۲۴	۱۲	۲۹	۹	۱۱	۵	۳۰	۶	۲۲	۵	۵۶	۱۱	۴۶	۳	۴۲	۶
جمعرات	۲۵	۱۳	۳۰	۱۰	۱۱	۵	۳۰	۶	۲۳	۵	۵۶	۱۱	۴۶	۳	۴۲	۶
جمعہ	۲۶	۱۴	ماگھ	۱۱	۱۰	۵	۳۰	۶	۲۴	۵	۵۷	۱۱	۴۷	۳	۴۳	۶
سنیچر	۲۷	۱۵	۲	۱۲	۱۰	۵	۲۹	۶	۲۴	۵	۵۷	۱۱	۴۸	۳	۴۴	۶
اتوار	۲۸	۱۶	۳	۱۳	۱۰	۵	۲۹	۶	۲۵	۵	۵۷	۱۱	۴۹	۳	۴۴	۶
سوموار	۲۹	۱۷	۴	۱۴	۹	۵	۲۹	۶	۲۶	۵	۵۷	۱۱	۴۹	۳	۴۵	۶
منگل	۳۰	۱۸	۵	۱۵	۹	۵	۲۸	۶	۲۶	۵	۵۷	۱۱	۵۰	۳	۴۶	۶
بدھ	۳۱	۱۹	۶	۱۶	۹	۵	۲۸	۶	۲۷	۵	۵۷	۱۱	۵۱	۳	۴۶	۶

ماہ جنوری میں سردی کی وجہ سے مجلس درودشریف نہیں ہوگی

جامعہ رحمانی، مونگیر ایک مثالی تعلیم گاہ

☆ یہ علم وعمل کا گہوارہ اورنئی نسل کی تعلیم وتربیت کا مرکز ہے۔☆ لادینیت، قادیانیت اورضلالت وگمراہی کی راہ میں سدسکندری ہے۔ ☆ طلبہ میں شعور وآگہی، خیالات میں بلندی، ایمان میں پختگی اورتقویٰ وپاکیزگی پیدا کرتا ہے اورمختلف مسابقوں کا انعقاد کر کے انہیں ہمہ جہت صلاحیت کا مالک بناتا ہے۔☆ اس کی حیثیت ایک عظیم تعلیم گاہ ہی کی نہیں بلکہ علمی، فکری، روحانی اور عملی تربیت گاہ کی بھی ہے۔نئی نسل کی دینی تربیت اورسماج میں دینی فضا قائم کرنے میں اس ادارہ کا اہم رول ہے۔☆ یہ ادارہ سلف صالحین کے طریقوں کا نمونہ ہے، خاتم النبیین سرکار دوعالم ﷺ سے مضبوط رشتہ پیدا کرتا ہےاوراصحاب صفہؓ سے سلسلہ جوڑتا ہے۔☆ عربی زبان (جو قرآن، حدیث، نبی اور جنت کی زبان ہے) سے طلبہ کوآشنا کراتا ہےاور حفظ کے ساتھ ساتھ طلبہ کوعربی زبان بھی سکھاتا ہے، تاکہ طلبہ حافظ ہونے کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کا براہ راست ترجمہ کرسکیں۔ ☆ قطب عالم حضرت مولانا سید محمد علی مونگیری اورقطب زماں امیر شریعت حضرت مولانا سید منت اللہ رحمانی قدس اللہ اسرارہم کی اہم ترین علمی یادگار ہے۔☆ اس ادارہ سے اب تک ہزاروں علماء اورحفاظ فارغ ہوکر ملک وبیرون ملک دینی، تعلیمی اورتربیتی خدمات انجام دے رہے ہیں، اس ادارہ کودینی وعصری علوم کے ماہراوردینی اورروحانی پیشواحضرت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی صاحب دامت برکاتہم کی نگرانی اورسرپرستی کا شرف حاصل ہے۔ ☆اس ادارہ کا خرچ صرف دیندار اہل خیراور مخلص مسلمانوں کےتعاون سے پورا کیا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس عظیم ادارہ کونظر بد سے محفوظ رکھے، ترقیوں سے نوازے اورزیادہ سے زیادہ دینی وعلمی خدمات انجام دینے کی توفیق بخشتا رہے۔آمین۔

فون نمبر:۲۲۴۴۹۹/ ۲۲۲۰۷_۰۶۳۴۴_ 9431277086-9430029786

ای میل:- Jamiarahmani@gmail.com

یونیفارم سول کوڈ مذہبی تعلیمات اور تہذیبی امتیازات سے متصادم ہے

’’مسلمان یونیفارم سول کوڈ کے مخالف ہیں، ہندوؤں کا مذہبی طبقہ بھی اس سے اتفاق نہیں رکھتا۔مسلمانوں کے اختلاف کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ’’یونیفارم سول کوڈ‘‘مذہبی تعلیمات سے متصادم ہے،اس کے نفاذ کے بعد عائلی اور شخصی زندگی میں قرآن وسنت کی ہدایات سے دست بردار ہونا پڑے گا،اور ایک ایسے قانون کو اپنی زندگی میں نافذ کرنا پڑے گا جس کے نتیجہ میں مذہب کی مقررہ حدیں مٹ جائیں گی اور فرد کی شخصی زندگی سے حلال وحرام کا وجود ختم ہو جائے گا،مسلمان اس کے لئے تیار نہیں ہیں کہ وہ ان قوانین کے ذریعہ اپنی عائلی اور شخصی معاملات ومسائل کا حل نکالیں جن کا ہر قدم پر مذہب سے ٹکراؤ ہوتا رہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہر مذہب کے ماننے والوں کے کچھ تہذیبی امتیازات ہوتے ہیں جن کا تعلق بڑی حد تک’’پرسنل لا‘‘ سے ہوا کرتا ہے۔بعض مذاہب کے یہ امتیازات مذہبی تعلیمات کی بنیاد پر نہیں بلکہ رسم ورواج اور جغرافیائی حالات کے ماتحت ہیں،مسلمانوں کے بھی تہذیبی امتیازات ہیں جن کی بنیاد مذہبی تعلیمات پر ہے،اس لئے مسلمان آمادہ نہیں کہ وہ تہذیبی امتیازات سے کسی بھی قیمت پر دست بردار ہوں۔

(امیر شریعت حضرت مولانا منت اللہ رحمانیؒ)

قضاء کی ضرورت اہمیت اور افادیت

مرتب: حافظ محمد امتیاز رحمانی

قضاء کے اہم موضوع پر امیر شریعت حضرت مولانا منت اللہ صاحب رحمانیؒ کے اہم مقالات اور خطبات کا مجموعہ ہے مرتب کتاب نے جمع کر کے امور قضاء کی ذمہ داری ادا کرنے والوں کے لئے کام کی چیزیں منظر عام پر لانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ صفحات:۸۰/قیمت:-/۶۰

ملنے کا پتہ: دار الاشاعت خانقاہ رحمانی مونگیر ۸۱۱۲۰۱(بہار)

ترانۂ جامعہ رحمانی

نتیجۂ فکر: حضرت مولانا نظام الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ
سابق امیر شریعت بہار، اڑیسہ وجھارکھنڈ

یہ مظہر شانِ ملت ہے، یہ منبع علم وعرفاں ہے
یہ درس گہ اخلاق نبی، یہ محفلِ ذکر یزداں ہے

ایمان ویقیں کے جلووں سے، معمور ہیں صبح وشام یہاں
گردش میں ہمیشہ رہتا ہے، تسلیم ورضا کا جام یہاں

یہ امن وسکوں کا گہوارہ، یہ صدق وصفا کی بستی ہے
ہر پھول میں اس پھلواری کے، اک بوئے وفا کی مستی ہے

ہر لحہ شرابِ وحدت سے، لبریز یہاں کا مینا ہے
ہر قلب یہاں کا روشن ہے، ہر آنکھ یہاں کی بینا ہے

میدانِ عمل میں بڑھنے کا، ہر آن یہاں اک جذبہ ہے
ہر ذرہ یہاں ہے مہر مبیں، ہر قطرہ یہاں اک دریا ہے

اللہ کے فضل ورحمت سے، آسان یہاں ہر مشکل ہے
ہر کوہ گراں اک زینہ ہے، ہر موجِ بلا اک ساحل ہے

پاتے ہیں کتاب وسنت کی، تنویر یہاں تصویر یہاں
اسلاف کے سچے خوابوں کی ملتی ہے ہمیں تعبیر یہاں

افکار علی کے گلشن میں، پلتے ہیں بہت شہباز یہاں
ہم دوشِ ثُریا رہتے ہیں، فطرت کے جو ہیں ہم راز یہاں

قائم ہے یہ بزمِ رحمانی، فیضانِ نگاہِ "منت" سے
روشن ہے یہاں ہر دیدۂ ودل، عرفان نگاہِ "منت" سے

اک عرصہ رہا ہے مثل ہما، سایہ جو "ولی رحمانی" کا
شہرہ ہے اسی سے تابہ فلک، اِس جلوہ گہہ ربانی کا

ساقی کی نگاہ لطف وکرم سے، کون ہے تشنہ کام یہاں
فیضان ولی کامل سے، سیراب ہیں خاص وعام یہاں

ہر آن جو فیصل کے دم سے، جھڑتا ہے یہاں پر سازِ سخن
ملتا ہے اُسی سے سوزِ یقیں، کھلتا ہے اُسی سے رازِ کُہن

وہ نور یہاں سے چمکے گا ظلمت کی گھٹا چھٹ جائے گی
یہ طوق جہالت ٹوٹے گا، زنجیر بلا کٹ جائے گی

دیکھو گے فضائے عالم پر اک ایسا علم لہرائے گا
گم کردۂ رہ انسانوں کو منزل کا نشاں مل جائے گا

ایام	فروری ۲۰۲۴ء	رجب، شعبان ۱۴۴۵ھ	ماگھ ۱۴۳۱ فصلی	ماگھ ۱۴۳۰ بنگلہ	طلوع صبح صادق		طلوع آفتاب		غروب آفتاب		ابتدائے وقت ظہر		ابتدائے وقت عصر		ابتدائے وقت عشاء	
جمعرات	۱	۲۰	۷	۱۷	۹	۵	۲۷	۶	۲۸	۵	۵۸	۱۱	۵۲	۳	۴۷	۶
جمعہ	۲	۲۱	۸	۱۸	۸	۵	۲۷	۶	۲۸	۵	۵۸	۱۱	۵۲	۳	۴۷	۶
سنیچر	۳	۲۲	۹	۱۹	۸	۵	۲۶	۶	۲۹	۵	۵۸	۱۱	۵۳	۳	۴۸	۶
اتوار	۴	۲۳	۱۰	۲۰	۸	۵	۲۶	۶	۳۰	۵	۵۸	۱۱	۵۴	۳	۴۸	۶
سوموار	۵	۲۴	۱۱	۲۱	۷	۵	۲۵	۶	۳۱	۵	۵۸	۱۱	۵۵	۳	۴۹	۶
منگل	۶	۲۵	۱۲	۲۲	۷	۵	۲۵	۶	۳۲	۵	۵۸	۱۱	۵۵	۳	۵۰	۶
بدھ	۷	۲۶	۱۳	۲۳	۶	۵	۲۴	۶	۳۳	۵	۵۸	۱۱	۵۶	۳	۵۰	۶
جمعرات	۸	۲۷	۱۴	۲۴	۶	۵	۲۴	۶	۳۳	۵	۵۸	۱۱	۵۶	۳	۵۱	۶
جمعہ	۹	۲۸	۱۵	۲۵	۵	۵	۲۳	۶	۳۳	۵	۵۸	۱۱	۵۷	۳	۵۲	۶
سنیچر	۱۰	۲۹	۱۶	۲۶	۵	۵	۲۲	۶	۳۴	۵	۵۸	۱۱	۵۸	۳	۵۲	۶
اتوار	۱۱	۳۰	۱۷	۲۷	۴	۵	۲۱	۶	۳۵	۵	۵۸	۱۱	۵۸	۳	۵۳	۶
سوموار	۱۲	شعبان المعظم	۱۸	۲۸	۴	۵	۲۱	۶	۳۶	۵	۵۸	۱۱	۵۹	۳	۵۳	۶
منگل	۱۳	۲	۱۹	۲۹	۳	۵	۲۰	۶	۳۶	۵	۵۸	۱۱	۰	۴	۵۴	۶
بدھ	۱۴	۳	۲۰	پھاگن	۳	۵	۲۰	۶	۳۷	۵	۵۸	۱۱	۰	۴	۵۴	۶
جمعرات	۱۵	۴	۲۱	۲	۲	۵	۱۹	۶	۳۸	۵	۵۸	۱۱	۱	۴	۵۵	۶
جمعہ	۱۶	۵	۲۲	۳	۱	۵	۱۸	۶	۳۸	۵	۵۸	۱۱	۱	۴	۵۵	۶
سنیچر	۱۷	۶	۲۳	۴	۱	۵	۱۷	۶	۳۹	۵	۵۸	۱۱	۲	۴	۵۶	۶
اتوار	۱۸	۷	۲۴	۵	۰	۵	۱۷	۶	۴۰	۵	۵۸	۱۱	۲	۴	۵۶	۶
سوموار	۱۹	۸	۲۵	۶	۵۹	۴	۱۶	۶	۴۰	۵	۵۸	۱۱	۳	۴	۵۷	۶
منگل	۲۰	۹	۲۶	۷	۵۹	۴	۱۵	۶	۴۱	۵	۵۸	۱۱	۴	۴	۵۸	۶
بدھ	۲۱	۱۰	۲۷	۸	۵۸	۴	۱۴	۶	۴۱	۵	۵۸	۱۱	۴	۴	۵۸	۶
جمعرات	۲۲	۱۱	۲۸	۹	۵۷	۴	۱۴	۶	۴۲	۵	۵۸	۱۱	۵	۴	۵۹	۶
جمعہ	۲۳	۱۲	۲۹	۱۰	۵۶	۴	۱۳	۶	۴۳	۵	۵۸	۱۱	۵	۴	۵۹	۶
سنیچر	۲۴	۱۳	۳۰	۱۱	۵۵	۴	۱۲	۶	۴۳	۵	۲۷	۱۱	۵	۴	۰	۷
اتوار	۲۵	۱۴	پھاگن	۱۲	۵۵	۴	۱۱	۶	۴۴	۵	۲۷	۱۱	۶	۴	۰	۷
سوموار	۲۶	۱۵	۲	۱۳	۵۳	۴	۱۰	۶	۴۴	۵	۲۷	۱۱	۶	۴	۱	۷
منگل	۲۷	۱۶	۳	۱۴	۵۳	۴	۹	۶	۴۵	۵	۲۷	۱۱	۷	۴	۱	۷
بدھ	۲۸	۱۷	۴	۱۵	۵۲	۴	۸	۶	۴۵	۵	۲۷	۱۱	۷	۴	۲	۷
جمعرات	۲۹	۱۸	۵	۱۶	۵۲	۴	۸	۶	۴۵	۵	۲۷	۱۱	۷	۴	۲	۷

میراث، شرعی حکم اور فتویٰ کے لیے
مفتی صاحب خانقاہ رحمانی مونگیر کے نام خط بھیجا کریں!

رحمانی 30 مسلم طلبہ کی امیدوں کا مرکز

جو ہر سال مسلم طلبہ وطالبات کی ایک مناسب تعداد کو ڈاکٹرس انجینئرس اور سائنسداں بنانے میں اہم رول ادا کررہا ہے

رحمانی 30 ہندوستان کا ایک تعلیمی ورفاہی ادارہ ہے، جو 2008ء سے مسلسل مسلم بچوں اور بچیوں کو میڈیکل، آئی آئی ٹی اور سی اے وغیرہ کے بے حد مشکل مقابلہ جاتی امتحان میں کامیاب کرا کر ڈاکٹرس، انجینئرس، چارٹرڈ اکاونٹنٹ وغیرہ بنانے کے مشن میں لگا ہوا ہے۔ اس ادارہ کی تعلیم وتربیت نے مسلم طلبہ کا حوصلہ اتنا بڑھایا ہے کہ وہ قومی وبین الاقوامی سطح کے مشکل مقابلوں میں بھی کامیابی کے جھنڈے گاڑ رہے ہیں مفکر اسلام امیر شریعت سابع حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانی رحمۃ اللہ علیہ نے مشہور ماہر تعلیم جناب ابھیانند جی (سابق ڈی جی پی بہار) کی نگرانی میں 2008ء میں بہار کی راجدھانی پٹنہ میں مسلم طلبہ کی آئی آئی ٹی (جے ای ای) کی مضبوط تیاری کے لیے اس تعلیمی وتربیتی ادارہ کو قائم فرمایا تھا، پھر رفتہ رفتہ اس میں کئی شعبوں کا اضافہ ہوا اب اس کے تحت آئی آئی ٹی، جے ای ای، نیٹ (میڈیکل) وکالت اور چارٹرڈ اکاونٹنگ وغیرہ جیسے اعلی مقابلہ جاتی امتحانات کیلئے مسلم طلبہ وطالبات کی تیاری کرائی جاتی ہے۔ کھانے پینے رہنے سہنے کے معقول نظم کے ساتھ ساتھ طلبہ کے اخلاق وکردار اور ایمان ویقین کو بنانے پر بھی توجہ دی جاتی ہے۔ مشہور ماہر تعلیم جناب ابھیانند جی (سابق ڈائریکٹر جنرل آف پولیس، (بہار) کی نگرانی میں چلنے والے اس ادارہ کی سرپرستی امیر شریعت حضرت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی صاحب مدظلہ العالی سجادہ نشین خانقاہ رحمانی مونگیر فرمارہے ہیں، جب کہ جناب انجینئر حامد ولی فہد رحمانی صاحب کامیابی کے ساتھ اس کا انتظام واہتمام دیکھ رہے ہیں۔ الحمد للہ! رحمانی 30 کی انتھک محنتوں وکوششوں سے ہر سال بڑی تعداد میں مسلم طلبہ میڈیکل، چارٹرڈ اکاونٹنگ اور انجینئرنگ کے اہم ترین شعبہ آئی آئی ٹی میں کامیابی حاصل کررہے ہیں جس کے نتیجے میں الحمد للہ مسلم ڈاکٹرس، انجینئرس، اور چارٹرڈ اکاونٹنٹس کی ایک بڑی تعداد سامنے آچکی ہے اور مسلسل ان میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، یہ مسلمانان ہند کے لئے بڑی خوش آئند بات ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ رحمانی 30 کے قیام سے پہلے آئی آئی ٹی میں داخلہ لینے والوں میں مسلم طلبہ کا نام بہت مشکل سے ملتا تھا۔

الحمد للہ اب رحمانی 30 ملک کے کئی شہروں میں کام کررہا ہے جیسے پٹنہ، جہان آباد (بہار) اورنگ آباد، خلد آباد (مہاراشٹر) حیدرآباد (تلنگانہ) اور بنگلور، بلور (کرناٹکا) وغیرہ کے علاوہ خلیج ممالک میں رہنے والے این آر آئی طلبہ وطالبات بھی اس مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری میں مصروف ہیں۔ رحمانی 30 میں نہ صرف لڑکوں کی تعلیم وتربیت کا نظم ہے بلکہ لڑکیوں کیلئے بھی پردہ کے ساتھ الگ قیام وطعام اور تعلیم کا انتہائی معقول نظم ہے، الحمد للہ ہر سال لڑکیوں کی بھی ایک بڑی تعداد کامیابی حاصل کررہی ہے۔

رحمـــانی فاؤنـــڈیشن

عوامی خدمات کا اہم مرکز

شعبۂ صحت:

☆ آنکھوں کا مفت لینس کیمپ۔ ہر سال تقریباً دو ہزار افراد کی آنکھیں جدید ترین تکنیکی سہولتوں اور بہترین احتیاطی تدبیر کے ذریعہ اللہ کے فضل سے دنیا دیکھنے کے لائق ہوتی ہیں۔

☆ خطرناک مرض ہیپاٹائٹس بی کے متعلق لوگوں میں بیداری پیدا ہوئی اور انجکشن کا نظم کیا گیا۔ برسوں سے پابندی کے ساتھ بہت کم قیمت پر انجکشن لگایا جارہا ہے۔

☆ ڈی ٹی پی، پولیو اور ایم ایم آر کے ٹیکے بڑے پیمانے پر لگائے گئے۔

☆ مرکزی دفتر میں ''معیاری ڈاکٹر'' روزانہ وقت دیتے ہیں اور غریب عورتوں اور مردوں کو مفت طبی مشورہ اور علاج کی سہولت ملتی ہے! الحمدللہ

شعبۂ تعلیم:

☆ اس کے تحت کمپیوٹر کی معیاری تعلیم دی جارہی ہے، جس سے طلبہ کے ۳۰ بیچ (Batches) فارغ ہوکر برسر روزگار ہیں۔

☆ خدا کا فضل ہے عوامی خدمات کا یہ مرکزی ادارہ قومی و بین الاقوامی سطح پر اپنا نام اور مقام بنا چکا ہے۔ جو محض اس کے بانی مفکر اسلام حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانی رحمۃ اللہ علیہ کی عوامی خدمات سے دلچسپی اور مخلصانہ توجہ کا ثمرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت موصوف کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں جگہ دے۔ (آمین)

رحمانی فاؤنڈیشن

بیلن بازار، مونگیر (بہار) فون نمبر: ۰۶۳۴۴-۲۲۲۴۷۷

e-mail: rahmanifoundation@gmail.com/rahmanifoundation@yahoo.com

خطبــــات رحمانی مرتب: حافظ محمد امتیاز رحمانی

امیر شریعت حضرت مولانا منت اللہ رحمانیؒ کے قیمتی خطبات کا مجموعہ اس کے مطالعہ سے ہر زندہ دل مسلمان خوش ہوگا اور اپنی زندگی کے لئے رہنماء بنانے کی سعی کرے گا۔ صفحات: ۱۷۰ / قیمت: ۳۰۰ روپئے

رمضان المبارک

اللہ تعالیٰ نے رمضان شریف کے روزوں کوفرض کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی روزے کی فرضیت اور اس کی فضیلت سے متعلق بار بار تاکید فرمائی ہے، رمضان کے مہینہ میں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردئے جاتے ہیں۔اس لئے پابندی اور اہتمام کے ساتھ رمضان کے روزے رکھنے چاہئیں۔روزہ کی نیت رات ہی کو کرلینی چاہیے۔اگر بھول جائے تو زوال سے پہلے پہلے تک نیت کی جاسکتی ہے۔نیت یہ ہے: بِصَوْمِ غَدٍ نَوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ (ترجمہ) ''میں کل کے رمضان کے روزے کی نیت کرتا ہوں'' (اردو میں بھی نیت کے الفاظ کہے جاسکتے ہیں)

تراویح اور دعاء

جس شام کو رمضان شریف کا چاند دیکھا جائے، اسی رات سے تراویح شروع کردینی چاہئے اور پورے مہینہ تراویح پڑھنی چاہیے۔تراویح میں کم سے کم ایک ختم قرآن پاک سننا سنت ہے۔اگر لوگ رمضان کی چند راتوں میں پورا قرآن پاک تراویح میں سُن لیں تب بھی انہیں رمضان المبارک کی بقیہ راتوں میں تراویح پڑھنا چاہیے،اس کی تاکید ہے۔تراویح مرد وعورت دونوں کیلئے سنت مؤکدہ ہے، نہ پڑھنے سے مرد اور عورت دونوں گنہگار ہوں گے۔تراویح کی نماز بیس رکعت دس سلام سے پڑھنی چاہیے۔ہر چار رکعت کے بعد یہ تسبیح پڑھی جاتی ہے۔

سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اعتکاف اور شب قدر

رمضان کے اخیر عشرہ میں اعتکاف مسنون ہے، مسجد میں اعتکاف کی نیت سے رہنا اعتکاف کہلاتا ہے، اگر ایک آبادی یا گاؤں میں کسی نے بھی اعتکاف نہیں کیا تو آبادی اور گاؤں کے سبھی لوگ گناہ گار رہوں گے۔

شب قدر

رمضان المبارک کے اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں آتی ہے، یہ بہت متبرک رات ہے، یہ رات عبادتوں میں گذارنی چاہیے۔

تراویح کے مسائل سے واقفیت کے لئے قطب عالم حضرت مولانا محمد علی مونگیریؒ کی کتاب ''احکام التراویح'' پڑھیں۔

ایام	مارچ ۲۰۲۴ء	شعبان المعظم ۱۴۴۵ھ	پھاگن ۱۴۳۱ فصلی	پھاگن ۲۰۸۰ بکرمی	طلوع صبح صادق		طلوع آفتاب		غروب آفتاب		ابتدائے وقت ظہر		ابتدائے وقت عصر		ابتدائے وقت عشاء	
جمعہ	۱	۱۹	۶	۱۷	۵۱	۴	۷	۶	۴۶	۵	۵۷	۱۱	۸	۴	۲	۷
سنیچر	۲	۲۰	۷	۱۸	۵۰	۴	۶	۶	۴۷	۵	۵۶	۱۱	۸	۴	۳	۷
اتوار	۳	۲۱	۸	۱۹	۴۹	۴	۵	۶	۴۷	۵	۵۶	۱۱	۸	۴	۳	۷
سوموار	۴	۲۲	۹	۲۰	۴۸	۴	۴	۶	۴۸	۵	۵۶	۱۱	۹	۴	۴	۷
منگل	۵	۲۳	۱۰	۲۱	۴۷	۴	۳	۶	۴۸	۵	۵۶	۱۱	۹	۴	۴	۷
بدھ	۶	۲۴	۱۱	۲۲	۴۶	۴	۲	۶	۴۹	۵	۵۵	۱۱	۹	۴	۵	۷
جمعرات	۷	۲۵	۱۲	۲۳	۴۵	۴	۱	۶	۴۹	۵	۵۵	۱۱	۱۰	۴	۵	۷
جمعہ	۸	۲۶	۱۳	۲۴	۴۴	۴	۰۰	۶	۵۰	۵	۵۵	۱۱	۱۰	۴	۶	۷
سنیچر	۹	۲۷	۱۴	۲۵	۴۳	۴	۵۹	۵	۵۰	۵	۵۵	۱۱	۱۰	۴	۶	۷
اتوار	۱۰	۲۸	۱۵	۲۶	۴۲	۴	۵۸	۵	۵۱	۵	۵۴	۱۱	۱۱	۴	۷	۷
سوموار	۱۱	۲۹	۱۶	۲۷	۴۱	۴	۵۷	۵	۵۱	۵	۵۴	۱۱	۱۱	۴	۷	۷
منگل	۱۲	رمضان	۱۷	۲۸	۴۰	۴	۵۶	۵	۵۲	۵	۵۴	۱۱	۱۱	۴	۸	۷
بدھ	۱۳	۲	۱۸	۲۹	۳۹	۴	۵۵	۵	۵۲	۵	۵۴	۱۱	۱۱	۴	۸	۷
جمعرات	۱۴	۳	۱۹	۳۰	۳۸	۴	۵۴	۵	۵۳	۵	۵۳	۱۱	۱۲	۴	۹	۷
جمعہ	۱۵	۴	۲۰	چیت	۳۷	۴	۵۳	۵	۵۳	۵	۵۳	۱۱	۱۲	۴	۹	۷
سنیچر	۱۶	۵	۲۱	۲	۳۶	۴	۵۲	۵	۵۳	۵	۵۳	۱۱	۱۲	۴	۱۰	۷
اتوار	۱۷	۶	۲۲	۳	۳۵	۴	۵۱	۵	۵۴	۵	۵۲	۱۱	۱۳	۴	۱۰	۷
سوموار	۱۸	۷	۲۳	۴	۳۴	۴	۵۰	۵	۵۴	۵	۵۲	۱۱	۱۳	۴	۱۱	۷
منگل	۱۹	۸	۲۴	۵	۳۳	۴	۴۹	۵	۵۵	۵	۵۲	۱۱	۱۳	۴	۱۱	۷
بدھ	۲۰	۹	۲۵	۶	۳۲	۴	۴۸	۵	۵۵	۵	۵۲	۱۱	۱۳	۴	۱۲	۷
جمعرات	۲۱	۱۰	۲۶	۷	۳۱	۴	۴۷	۵	۵۶	۵	۵۱	۱۱	۱۴	۴	۱۲	۷
جمعہ	۲۲	۱۱	۲۷	۸	۳۰	۴	۴۶	۵	۵۶	۵	۵۱	۱۱	۱۴	۴	۱۳	۷
سنیچر	۲۳	۱۲	۲۸	۹	۲۸	۴	۴۵	۵	۵۷	۵	۵۱	۱۱	۱۴	۴	۱۳	۷
اتوار	۲۴	۱۳	۲۹	۱۰	۲۷	۴	۴۴	۵	۵۷	۵	۵۰	۱۱	۱۴	۴	۱۴	۷
سوموار	۲۵	۱۴	۳۰	۱۱	۲۶	۴	۴۳	۵	۵۷	۵	۵۰	۱۱	۱۴	۴	۱۴	۷
منگل	۲۶	۱۵	چیت	۱۲	۲۵	۴	۴۲	۵	۵۸	۵	۵۰	۱۱	۱۵	۴	۱۵	۷
بدھ	۲۷	۱۶	۲	۱۳	۲۴	۴	۴۱	۵	۵۸	۵	۴۹	۱۱	۱۵	۴	۱۵	۷
جمعرات	۲۸	۱۷	۳	۱۴	۲۳	۴	۴۰	۵	۵۹	۵	۴۹	۱۱	۱۵	۴	۱۶	۷
جمعہ	۲۹	۱۸	۴	۱۵	۲۲	۴	۳۹	۵	۵۹	۵	۴۹	۱۱	۱۵	۴	۱۶	۷
سنیچر	۳۰	۱۹	۵	۱۶	۲۱	۴	۳۸	۵	۰	۶	۴۹	۱۱	۱۵	۴	۱۷	۷
اتوار	۳۱	۲۰	۶	۱۷	۲۰	۴	۳۷	۵	۰	۶	۴۸	۱۱	۱۵	۴	۱۷	۷

رمضان المبارک کی وجہ سے مارچ ۲۰۲۴ء میں درود شریف کی مجلس نہیں ہوگی

امیر شریعت حضرت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی صاحب مدظلہ

جانشین مفکر اسلام امیر شریعت حضرت مولانا محمد ولی رحمانی رحمۃ اللہ علیہ

کی سرپرستی میں

نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تعمیر

یک سالہ کمپیوٹر کورس

- انفارمیشن ٹکنالوجی
- بزنس سسٹم
- ویب اپلی کیشن ڈیولپمنٹ
- ملٹی لنگوئل ڈی، ٹی، پی
- پروگرامنگ ویژل بیسک
- پروجیکٹ ورکس

دسویں اور بارہویں کے لیے حکومت ہند سے منظور شدہ فاصلاتی اسٹڈی سنٹر

رحمانی بی ایڈ کالج

مونگیر کا واحد بی ایڈ کالج جو ۲۰۱۴ء میں قائم ہوا، اور پہلے ہی سال سے اپنی تعلیم و تربیت کی وجہ سے مقبول ہے۔ الحمدللہ! یہاں کے تربیت یافتہ طلبہ و طالبات تعلیمی میدان میں نمایاں خدمت انجام دے رہے ہیں۔

شاندار مستحکم اور خوبصورت عمارت میں بی ایڈ کی تعلیم و تربیت جاری ہے۔

رابطہ کیجئے: رحمانی فاؤنڈیشن بیلن بازار، مونگیر 06344-224477

Md. Muslim محمد مسلم

Kisan Bakery

Moti Baag, Karbala Road
Kishanganj, Bihar

جن نفلوں کا ثواب بہت زیادہ ہے

اشراق: بہتر یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد مسجد میں تلاوت و تسبیح میں مصروف رہا جائے اور سورج نکلنے کے کے پندرہ بیس منٹ بعد دو رکعت یا چار رکعت نماز نفل ادا کی جائے، تو ایک حج اور عمرہ کا ثواب اور فجر کی نماز کے بعد اگر کوئی شخص دوسرے کام میں لگ گیا، پھر اشراق کی نماز پڑھی تو بھی درست ہے، حدیث قدسی ہے کہ بندہ دن کے اول حصہ میں چار رکعت پڑھ لے تو دن کے اخیر حصہ تک خدا اس کی کفالت کرے گا۔ (ترغیب وترہیب)

چاشت: سورج نکلنے کے کم از کم ایک گھنٹہ بعد سے لے کر زوال سے پہلے پہلے تک چاشت کی نماز پڑھی جاسکتی ہے۔ کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتوں کے پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ چاشت کی نماز انسانی اعضاء کے ہر جوڑ کی طرف سے صدقہ ہے۔ (مسلم شریف)

اوابین: مغرب کی نماز کے بعد ہر دو رکعت پر سلام پھیر کر چھ رکعت یا اس سے زیادہ بیس رکعت تک نماز اوابین کے ارادے سے پڑھی جاسکتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس نے مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھیں اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے، خواہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (طبرانی) اور جس نے بیس رکعتیں پڑھیں، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں گھر بنادے گا۔ (ترمذی شریف)

تہجّد: رات کا تہائی حصہ باقی رہ جائے تو یہ نماز پڑھی جاتی ہے، صبح صادق سے پہلے پہلے یہ نماز پڑھی جانی چاہیے، تہجد کی بڑی فضیلت ہے اور دعاء کی مقبولیت کا یہ خاص وقت ہے، تہجد کی نماز دو رکعت سے بارہ رکعت تک پڑھی جاسکتی ہے، اس میں دو دو اور چار چار رکعتوں کی بھی نیت کی جاسکتی ہے، تہجد کو نماز عشاء کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن اس وقت تہجد پڑھنے کا ثواب کم ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ نماز تہجد میں بندہ خدا کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ (ترمذی شریف)

صلوٰۃ التسبیح: اس نماز کو روزانہ پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ روزانہ نہ ہو سکے تو ہفتہ میں ایک بار، وہ بھی نہ ہو سکے تو مہینہ میں ایک بار، یہ بھی نہ ہو سکے تو سال میں ایک بار، ورنہ زندگی میں ایک بار تو پڑھ ہی لینی چاہیے، اس کیلئے وقت کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ جب بھی موقعہ ہو پڑھ لے (ان وقتوں میں نہ پڑھے جن میں نماز پڑھنے سے روکا گیا ہے)۔ **صلوٰۃ التسبیح** کا طریقہ یہ ہے کہ چار رکعت نفل نماز کی نیت کی جائے اور ثناء سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھنے کے بعد رکوع سے پہلے پندرہ مرتبہ تیسرا کلمہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھے، پھر رکوع میں سبحان ربی العظیم پڑھ کر دس مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھے۔ رکوع سے سر اٹھا کر سیدھا کھڑا ہوجائے اور دس مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھے، پھر سجدہ میں جائے اور سبحان ربی الاعلیٰ پڑھنے کے بعد دس دفعہ انہیں کلمات کو پڑھے، پھر دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھ کر دس دفعہ اسے پڑھے، پھر دوسرے سجدے میں بھی دس دفعہ ان کلمات کو پڑھے، اس کے بعد بیٹھ کر دس دفعہ ان کلمات کو پڑھے (ایک رکعت مکمل ہوگئی) اور دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہوجائے، اسی طرح دوسری رکعت پڑھے اور دوسری رکعت میں التحیات کے لئے بیٹھے تو پہلے انہیں کلمات کو دس دفعہ پڑھ لے، پھر التحیات پڑھے اور اسی طرح چار رکعتوں کو پورا کرے، ہر رکعت میں تیسرے کلمہ کی تعداد ۷۵ رہوجائے گی اور چار رکعتوں میں کلمہ کی تعداد ۳۰۰ رہوگی۔ (نوٹ: اگر کسی جگہ تیسرا کلمہ بھول جائے تو اگلی جگہ اسے پورا کرلے۔)

جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر کا شعبہ انگریزی و پروفیشنل اِسکلز

"**جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر**" سرزمینِ ہند کا ایسا انقلابی ادارہ ہے جس نے زمانے کی ضرورتوں کو محسوس کرتے ہوئے نئے نئے اقدامات کئے ہیں اور ملت کی ضرورتوں کا حل امت کے سامنے پیش کیا ہے اور جدید تقاضوں کے مطابق نئے کورسز متعارف کروائے ہیں، اسی سلسلے کی ایک کڑی جامعہ میں قائم ہونے والا نیا کورس دوسالہ "ڈپلومہ اِن انگلش لینگویج اینڈ پروفیشنل اِسکلز" ہے۔

حالات کا تقاضہ ہے کہ ہمارے فارغین کے اندر مستند علم کے ساتھ ساتھ عملی مہارت بھی ہو تاکہ وہ ایک طرف قوم مسلم کی فکری و علمی رہنمائی کرسکیں اور دوسری طرف اپنی اسکلز کے ذریعے سوشل ورک اور رفاہی خدمات بھی انجام دے سکیں، انہیں تقاضوں کے پیش نظر اس کورس کو بنیادی طور پر چھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

1- **بنیادی مہارتیں**: جس میں زبان (انگریزی، عربی، ہندی) ریاضی (ریشیو، جیومیٹری، الجبرا، شماریات) سائنس (تصورات، عمل، طریقہ کار) ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مالیاتی مہارتیں (اکاؤنٹنگ، بجٹ، بینکنگ، مالیاتی رپورٹس) وغیرہ شامل ہیں۔

2-**مفاد عامہ**: جس کے تحت آپ کو آئینی و قانونی معلومات، سرکاری دستاویزات بنانے کے طریقوں اور سرکاری اسکیمز سے واقف کرایا جارہا ہے۔

3-**مائنڈ سیٹ اور کیریکٹر**: جس کے تحت اسلامی فکر، اسلامی ورلڈ ویو، اور اسلامی و غیر اسلامی اقدار کے حوالے سے مؤثر تربیت دی جارہی ہے۔

4-**تعلیم و تعلم کی مہارتیں**: اس عنوان کے تحت تعلیمی نظریات، تدریسی طریقہ ہائے کار، نصاب سازی، اور درس گاہوں کو موثر بنانے کے طریقے سکھارہے ہیں۔

5-**ثقافتی رسائی**: اس موضوع کے تحت تقابلِ ادیان، الحاد و مغرب کی تفہیم اور ثقافتی افہام وتفہیم کے مؤثر طریقوں سے روشناس کرایا جارہا ہے۔

6-**مینجمنٹ**: پروجیکٹ مینجمنٹ، آپریشنز مینجمنٹ، پروسیس مینجمنٹ، پروڈکٹ اور سروس ڈیزائن، کوالٹی مینجمنٹ، مسابقت، حکمت عملی اور پیداواری صلاحیت کے گر سکھائے جارہے ہیں۔

اور باضابطہ طور پر فیلڈ ورک کے ذریعے عوام میں رہ کر کام کرنا سکھایا جارہا ہے الحمدللہ

شرائط داخلہ

1 کسی بھی مدرسے کے دورہ حدیث، تکمیلات وتخصصات سے فارغ طلبا اس کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

2 دسویں یا اس کے مساوی کورس مکمل کر چکے ہوں۔

3 داخلہ امتحان سے پہلے سابقہ مدرسے کا تصدیق نامہ، دسویں کی سرٹیفکیٹ اور دورہ حدیث کے امتحان کا نتیجہ جمع کرنا ہوگا، نیز آدھار کارڈ یا ووٹر آئی ڈی کی فوٹو کاپی بھی پیش کرنی ہوگی۔

مزید معلومات کیلئے اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 700433793—7070552322

ایام	اپریل ۲۰۲۴ء	رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ	چیت ۱۴۳۱ فصلی	چیت ۲۰۸۱ بکرمی	طلوع صبح صادق		طلوع آفتاب		غروب آفتاب		ابتدائے وقت ظہر		ابتدائے وقت عصر		ابتدائے وقت عشاء	
سوموار	۱	۲۱	۷	۱۸	۱۸	۴	۳۵	۵	۱	۶	۴۸	۱۱	۱۶	۴	۱۸	۷
منگل	۲	۲۲	۸	۱۹	۱۷	۴	۳۴	۵	۱	۶	۴۸	۱۱	۱۶	۴	۱۸	۷
بدھ	۳	۲۳	۹	۲۰	۱۶	۴	۳۳	۵	۱	۶	۴۷	۱۱	۱۶	۴	۱۹	۷
جمعرات	۴	۲۴	۱۰	۲۱	۱۵	۴	۳۲	۵	۲	۶	۴۷	۱۱	۱۶	۴	۱۹	۷
جمعہ	۵	۲۵	۱۱	۲۲	۱۴	۴	۳۱	۵	۳	۶	۴۶	۱۱	۱۶	۴	۲۰	۷
سنیچر	۶	۲۶	۱۲	۲۳	۱۳	۴	۳۰	۵	۳	۶	۴۶	۱۱	۱۶	۴	۲۱	۷
اتوار	۷	۲۷	۱۳	۲۴	۱۲	۴	۲۹	۵	۳	۶	۴۶	۱۱	۱۷	۴	۲۱	۷
سوموار	۸	۲۸	۱۴	۲۵	۱۰	۴	۲۸	۵	۴	۶	۴۶	۱۱	۱۷	۴	۲۲	۷
منگل	۹	۲۹	۱۵	۲۶	۹	۴	۲۷	۵	۴	۶	۴۵	۱۱	۱۷	۴	۲۳	۷
بدھ	۱۰	۳۰	۱۶	۲۷	۸	۴	۲۶	۵	۵	۶	۴۵	۱۱	۱۷	۴	۲۳	۷
جمعرات	۱۱	شوال	۱۷	۲۸	۷	۴	۲۵	۵	۵	۶	۴۵	۱۱	۱۷	۴	۲۴	۷
جمعہ	۱۲	۲	۱۸	۲۹	۶	۴	۲۴	۵	۵	۶	۴۵	۱۱	۱۷	۴	۲۴	۷
سنیچر	۱۳	۳	۱۹	۳۰	۵	۴	۲۳	۵	۶	۶	۴۴	۱۱	۱۷	۴	۲۵	۷
اتوار	۱۴	۴	۲۰	بیساکھ	۴	۴	۲۲	۵	۶	۶	۴۴	۱۱	۱۷	۴	۲۵	۷
سوموار	۱۵	۵	۲۱	۲	۳	۴	۲۱	۵	۷	۶	۴۴	۱۱	۱۸	۴	۲۶	۷
منگل	۱۶	۶	۲۲	۳	۲	۴	۲۱	۵	۷	۶	۴۴	۱۱	۱۸	۴	۲۷	۷
بدھ	۱۷	۷	۲۳	۴	۰	۴	۲۰	۵	۸	۶	۴۳	۱۱	۱۸	۴	۲۷	۷
جمعرات	۱۸	۸	۲۴	۵	۵۹	۳	۱۹	۵	۸	۶	۴۳	۱۱	۱۸	۴	۲۸	۷
جمعہ	۱۹	۹	۲۵	۶	۵۸	۳	۱۸	۵	۹	۶	۴۳	۱۱	۱۸	۴	۲۹	۷
سنیچر	۲۰	۱۰	۲۶	۷	۵۷	۳	۱۷	۵	۹	۶	۴۳	۱۱	۱۸	۴	۲۹	۷
اتوار	۲۱	۱۱	۲۷	۸	۵۶	۳	۱۶	۵	۱۰	۶	۴۳	۱۱	۱۸	۴	۳۰	۷
سوموار	۲۲	۱۲	۲۸	۹	۵۵	۳	۱۵	۵	۱۰	۶	۴۳	۱۱	۱۸	۴	۳۱	۷
منگل	۲۳	۱۳	۲۹	۱۰	۵۴	۳	۱۵	۵	۱۱	۶	۴۲	۱۱	۱۸	۴	۳۱	۷
بدھ	۲۴	۱۴	۳۰	۱۱	۵۳	۳	۱۴	۵	۱۱	۶	۴۲	۱۱	۱۹	۴	۳۲	۷
جمعرات	۲۵	۱۵	بیساکھ	۱۲	۵۲	۳	۱۳	۵	۱۲	۶	۴۲	۱۱	۱۹	۴	۳۳	۷
جمعہ	۲۶	۱۶	۲	۱۳	۵۱	۳	۱۲	۵	۱۲	۶	۴۲	۱۱	۱۹	۴	۳۳	۷
سنیچر	۲۷	۱۷	۳	۱۴	۵۰	۳	۱۱	۵	۱۳	۶	۴۲	۱۱	۱۹	۴	۳۴	۷
اتوار	۲۸	۱۸	۴	۱۵	۴۹	۳	۱۰	۵	۱۳	۶	۴۱	۱۱	۱۹	۴	۳۵	۷
سوموار	۲۹	۱۹	۵	۱۶	۴۸	۳	۹	۵	۱۴	۶	۴۱	۱۱	۱۹	۴	۳۵	۷
منگل	۳۰	۲۰	۶	۱۷	۴۷	۳	۹	۵	۱۴	۶	۴۱	۱۱	۱۹	۴	۳۶	۷

بھترین تعلیم اورعمدہ تربیت کا مرکز ”جامعہ رحمانی خانقاہ ،مونگیر“

کشن گنج میں رحمانی فاؤنڈیشن کا مجوزہ تعلیمی منصوبہ

کشن گنج پہاڑ کٹھ تھانہ کے سیتل پور میں رحمانی فاؤنڈیشن (خانقاہ مونگیر، بہار) نے ۲۸۵ ایکڑ زمین رجسٹری کرائی ہے،اس اراضی کے حصول سے رحمانی فاؤنڈیشن کا مقصد تعلیم کے میدان میں ترقی ہے، خاص طور پر بہار، بنگال اور جھارکھنڈ کے تعلیمی امتیاز کو آگے بڑھانا ہے، کشن گنج کی اس زمین پر انشاء اللہ تعلیم اور صنعتی تعلیم کے ادارے بنیں گے اور حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانیؒ کے تعلیمی فکر کو پوری ذمہ داری کے ساتھ زمین پر اتارا جائے گا، جس سے روشن مستقبل کا خواب پورا ہوگا۔

پروگرام یہ ہے کہ پہلے مرحلہ میں پہلی سے لیکر بارہویں جماعت تک معیاری تعلیم کا انتظام کیا جائے گا، اور سنئیر سیکنڈری کی تعلیم کے ساتھ پالی ٹیکنیک اور آئی ٹی آئی بھی قائم ہوگا، اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے شعبے کھولے جائیں گے، جن کی تعلیم کا انتظام بہار بنگال، جھارکھنڈ، اڑیسہ اور آسام میں نہیں ہے۔

کچھ دشواریوں کی وجہ سے افسوس ہے اب تک یہ اہم تعلیمی کام شروع نہیں کیا جاسکا ہے، مگر رحمانی فاؤنڈیشن پر عزم ہے اور اپنی کوششیں جاری رکھے ہوا ہے، انشاء اللہ رکاوٹیں دور ہونگی، راہیں کھلیں گی، اور خواب بہت جلد مانوس حقیقت بنے گا۔

رحمانی فاؤنڈیشن نے تعلیم، صحت، ماحولیات اور سماجیات کی راہوں میں بڑی خدمات انجام دی ہے، اس حیثیت سے پورے ملک میں اس کی پہچان ہے، اس کی شاخ رحمانی 30 نے پوری دنیا میں اپنی شناخت بنائی ہے، اور بہار کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کا نام روشن کیا ہے، اور نئی نسل میں تعلیم کا جذبہ پیدا کیا ہے۔

حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانیؒ بانی رحمانی فاؤنڈیشن کے مطابق کشن گنج کا تعلیمی پروگرام تعلیمی خود کفالتی اور تعلیمی اکسیلنس کی طرف ایک مضبوط قدم ہوگا، اللہ تعالیٰ ان کے ارادہ کو پورا کرائے اور خواب ایک مانوس حقیقت بن کر ابھرے۔ (آمین)

تازہ پیشکش — سوانح امیر شریعت رابعؒ

امیر شریعت حضرت مولانا منت اللہ صاحب رحمانیؒ کی باکمال شخصیت کی دوسری سوانح عمری جو مولانا ڈاکٹر وقار الدین لطیفی ندوی صاحب کی قلمی کاوشوں کا نتیجہ ہے، یہ کتاب دراصل پی ایچ ڈی کا مقالہ ہے، جس میں حضرت کے حالات زندگی اور کارناموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے، اور جس میں نصف صدی کے کئی اتار چڑھاؤ کو محفوظ کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے، حضرت کی زندگی پر ایک مستند تصنیف ہے، عمدہ کاغذ، بہترین طباعت، پختہ جلد کے ساتھ دستیاب ہے۔

دوسرا ایڈیشن (صفحات ۳۳۶، قیمت ۳۰۰/روپے مجلد)

حضرت مولانا منت اللہ رحمانیؒ

(علمی وفکر نقوش-ملی واجتماعی جدوجہد-دینی وروحانی خدمات)

امیر شریعت حضرت مولانا منت اللہ صاحب رحمانی کے علمی وفکری نقوش، اجتماعی زندگی اور دینی وروحانی خدمات پر مشتمل علماء ودانشوران کے وقیع مضامین ومقالات کا ضخیم مجموعہ، جسے حضرت مولانا عمید الزماں صاحب کیرانویؒ نے مرتب فرمایا۔ تنظیم ابنائے قدیم دار العلوم دیوبندئ دہلی نے اسے اہتمام سے شائع کیا ہے، حضرت امیر شریعتؒ پر مرتب کردہ مجموعہ مضامین میں اس مجموعہ کو کئی لحاظ سے اہمیت حاصل ہے، عمدہ کاغذ، بہترین طباعت، پختہ جلد۔

(صفحات ۶۲۲، قیمت ۴۰۰/روپے مجلد)

ملنے کا پتہ: دار الاشاعت خانقاہ رحمانی مونگیر ۸۱۱۲۰۱ (بہار)

جامعہ رحمانی میں تخصص فی الافتاء اور شعبہ صحافت کا قیام

شعبہ تخصص فی الافتاء: تخصص فی الافتاء، جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر کا علمی و تحقیقی شعبہ ہے جسے امیر شریعت حضرت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی صاحب دامت برکاتہم نے ۲۷ رجون ۲۰۲۲ء میں قائم فرمایا اسکے افتتاحی اجلاس میں علماء وفقہاء کی بڑی جماعت شریک رہی۔

اس شعبہ میں فضلاء کے مطالعہ کے لئے وسیع کتب خانے کا نظم کیا گیا، شعبہ کی درس گاہ کو جدید آلات و وسائل سے لیس کیا گیا ہے۔ اس شعبہ میں فضلاء تجربہ کار اور باصلاحیت اساتذہ ومفتیان کرام کی نگرانی و رہنمائی میں فقہ وفتویٰ کی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔

اس شعبہ کا قیام اس لیے عمل میں لایا گیا تاکہ اس کے تحت منتخب فضلاء کو فقہ وفتاوی کی خصوصی تربیت دی جائے، تاکہ وہ جدید وقدیم فقہی ذخائر سے واقف ہوسکیں، دلائل شرعیہ کی روشنی میں نئے مسائل کا استنباط و استخراج کرسکیں، کتاب وسنت اور فقہی مصادر سے استدلال کے ساتھ ساتھ معقول طریقے پر احکام کی تطبیق کر سکیں اور فتویٰ نویسی کے فن اور نئے پیچیدہ فقہی مسائل کی تحقیق کے عادی بن سکیں۔

اس شعبہ میں تربیت کی مدت دو سال رکھی گئی ہے، دوسرے سال میں ہر طالب علم دیگر تعلیمی وتربیتی سرگرمیوں کے علاوہ ایک تحقیقی مقالہ کسی ایسے فقہی موضوع پر تحریر کریں گے ، جو اس زمانے میں خاص طور پر تحقیق طلب ہو۔ موضوع کی تعیین اساتذہ کرام کریں گے۔ اور انہیں کی رہنمائی میں سارے تحقیقی کام انجام دیئے جائیں گے۔

شعبہ صحافت: حضرت امیر شریعت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی صاحب دامت برکاتہم نے ۲۰۲۱ء میں شعبہ صحافت قائم کیا۔ فی الحال اس شعبہ کے تحت جامعہ رحمانی میں زیر تعلیم منتخب طلبہ کو ابلاغ عامہ و صحافت کا یک سالہ ڈپلومہ کورس کرایا جارہا ہے۔ نیز اس شعبہ میں مختلف مدارس اسلامیہ کے فضلاء کا داخلہ لیکر عملی مشق کے ساتھ ابلاغ عامہ وصحافت کا ایک سالہ ڈپلومہ کورس کرانے کا بھی نظم کیا گیا ہے۔

اس شعبہ کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ایسے افراد کو تیار کیا جائے، جو روایتی صحافت سے ہٹ کر اعتماد کے ساتھ حق کو عام کرسکیں اور اس میں مہارت پیدا کرسکیں۔

اس شعبہ میں درس وتدریس کا طریقہ کار صحافتی اصولوں کو برت کر طلبہ کی استعداد کو پختہ کرنا ہے، اس لیے طلبہ کی عملی مشق کے لیے فکر ونظر آفیشل کے نام سے ایک یوٹیوب چینل بھی شروع کیا گیا ہے تاکہ انہیں مشق وتمرین کے ذریعہ صحافت کے شعبہ میں ماہر بنایا جاسکے۔ اس چینل پر ہر روز طلبہ اردو اور عربی زبان میں خبریں نشر کرتے ہیں اور بعض طلبہ اپنی فنی مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے وقتاً فوقتاً ملک کے مسائل یا علمی موضوعات پر تحقیق وتجزیہ بھی پیش کرتے ہیں۔ شعبہ صحافت سے متعلق مزید معلومات اور چینل سے جڑنے کیلئے اس کیو آر کو اسکین کریں یا پھر یوٹیوب میں فکر ونظر آفیشل ٹائپ کر کے چینل کو سبسکرائب کرلیں اور بیل آئکن بھی دبادیں یا 9971224394 رابطہ کریں۔

ایام	مئی ۲۰۲۴ء	شوال المکرم ۱۴۴۵ھ	بیساکھ سن ۱۴۳۱ فصلی	بیساکھ سن ۲۰۸۱ بکرمی	طلوع صبح صادق		طلوع آفتاب		غروب آفتاب		ابتدائے وقت ظہر		ابتدائے وقت عصر		ابتدائے وقت عشاء	
